SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
April 24, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی نے مرکنٹائل ایکس چینج میں گندم کے فیوچرز کنٹریکٹ کی منظوری دے دی

اسلام آباد(24 اپریل)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج میں زرعی اجناس کا پورٹ فولیو بڑھاتے ہوئے، گندم کے فیوچر کنٹریکٹ میں لین دین کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ابتدائی طور پر گندم میں فیوچر کنٹریکٹ پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر صرف ضلع شیخوپورہ، مریدکے اور ارد گرد کے علاقوں میں ہی کئے جا سکیں گے۔

مرکنٹائل ایکس چینج میں گندم کے لین دین متعارف کروانے کے لئے تمام نمایاں شیئر ہولڈرز جن میں پاکستان ایگری کلچر کولیشن، حکومت پنجاب کا محکمہ زراعت اور دیگر شراکت داروں کے بھی مشاورت میں شامل کیا گیا تھا تاکہ اس جنس کو مارکیٹ میں کامیاب بنایا جا سکے۔ پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج ایک جدید ادارہ ہے اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے شراکت داروں کو ایک شفاف اور ریگولیٹڈ مارکیٹ کا پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے جو کہ روایتی طریقوں اور کمیشن ایجنٹوں اور منافع خوروں سے پاک ہے۔

پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج کے کے گندم کے فیوچرز کنٹریکٹ کے خصوصی عوامل جنس کی لازمی ڈیلیوری، تیز تر ادائیگی اور معیار کی سرٹیفکیشن اور مختلف درجوں کی گندم کی دستیابی ہے۔سرمایہ کاروں کی قومی سطح کی مرکنٹائل ایکس چینج میں شمولیت سے کاشکاروں اور سرمایہ کاروں، دونوں کو بہتر قیمت کا حصول ممکن ہوگا اور گندم کے لین دین کے لئے فیوچر کنٹریکٹ کے معاہدوں کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے جس سے کاشکاروں کو اپنی فصل کا معیار بھی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

گندم کے فیوچر کنٹریکٹ کے شال ہونے سے مرکنٹائل ایکس چینج میں زرعی اجناس کا پورٹ فولیو بہتر ہوا ہے جو کہ ایک بین الاقوامی معیار کی زرعی مارکیٹ کی تشکیل کی جانب اہم قدم ہے۔ایس ای سی پی پہلے ہی سٹیٹ بینک، اور پاکستان بینکنگ ایسوسی ایشن، صوبائی حکومتوں اور کاشتکار تنظیموں کے ساتھ مل کر ایک کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی کے قیام کے لئے فریم ورک کی سفارش دے چکا ہے جس کی منظوری وفاقی کابینہ نے دے دی ہے اور جلد ہی اس کا نوٹیفیکیشن جاری کر دیا جائے گا۔اس فریم ورک کے تحت ایک کمپنی کی تشکیل دی جائے گی جو کہ ملک میں زرعی اجناس کے لئے ملک بھر میں گودام قائم کرے گی۔ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان، بہت سے بینکوں اور دیگر سرمایہ کاروں نے کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔یہ کمپنی ملک میں الیکٹرک ویئر ہاوسنگ کی بنیاد رکھے گی۔